8391-غیر جاذب شکل دینی التزام کرنے والی عورت سے شادی کرنا

سوال

میں شادی کرنا چاہتا ہوں مجھے ایک حافظ قرآن عورت کے متعلق مشورہ دیا گیا ہے جو اچھے خاندان سے تعلق رکھتی ہے اور میرے ملک کی شہریت رکھتی اور ہماری ثقافت بھی ایک ہے، لیکن جسمانی اور شکل کے اعتبار سے میں اس کی طرف مائل نہیں، وہ عورت تو اپنے اندر جاذبیت رکھتی ہے لیکن میرے لیے نہیں، تو کیا اس کا خاندانی طور پر دینی اور حافظ قرآن ہونا اور اچھا لباس ہی کافی ہے؟

میں کیا کروں اور جسمانی اعتبار سے وہ کوئی بری نہیں لیکن جس طرح کی میں چاہتا ہوں اس طرح کی نہیں اس کے بارہ میں کیا کروں؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ شادی کرنا چاہتے ہیں تو پھر دین والی عورت تلاش کریں جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت کرتے ہوئے فرمایا ہے:

"تیرا ہاتھ خاک آلود ہو تو دین والی عورت کو اختیار کر"

اور اس میں کوئی مانع نہیں کہ وہ کوئی ایسی عورت کو تلاش کرے جو خوبصورتی کے اعتبار سے بھی اس کی نظر نیچی رکھے، یہ ایک شرعی طور پر ثابت ہے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

"عورت کے ساتھ چار وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے، اور اس میں عورت کی خوبصورتی بھی ذکر فرمائی"

لہذا اگر آپ کو خدشہ ہے کہ آپ کی اس عورت میں عدم جاذبیت کی بنا پر اس سے معاملہ اچھا نہیں کر سکیں گے تو آپ اس سے شادی مت کریں"

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.